# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 04 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۴/جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مستقبل میں درپیش چیلنجز سے نمٹنے کی خاطر نئی نسل تیار کرنے پر دیا گیا ہے نئی تعلیمی پالیسی میں زور: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ کرانتی جیوتی ساوتری بائی پھلے کی سالگرہ کی مناسبت سے ہر طرف پیش کی گئی خراجِ عقیدت؛ نائیگاؤں میں تجویز کردہ یادگار آئندہ پانچ برسوں میں مکمل کرنے کا وزیرِ اعلیٰ کا وعدہ۔

☆ کھیتی کے نقصان کا اب سیٹیلائٹ کے ذریعے کیا جائے گا سروے: مرکزی وزیر زراعت کی جانب سے دی گئی اطلاع۔

☆ ملازمت کے مقام پر خواتین کیلئے محفوظ ماحول کی ضرورت کا قومی خواتین کمیشن کی چیئر پرسن وجیا راہٹکر کی جانب سے اظہار۔

اور۔۔۔☆ جالنہ میں 30 لاکھ روپئے رشوت طلب کرنے والے رجسٹرار سمیت دو افراد گرفتار۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مستقبل میں درپیش چیلنجز سے نمٹنے کی خاطر نئی نسل تیار کرنے پر نئی قومی تعلیمی پالیسی میں زیادہ زور دیا گیا ہے۔ کل دلّی میں مختلف ترقیاتی کاموں کو عوام کے نام وقف کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے وزیرِ اعظم نے کہا:

*”ہمیں صرف بچوں کو پڑھانا نہیں ہے بلکہ ورتمان اور بھوشیہ کی ضرورتوں کیلئے نئی پیڑھی کو تیار کرنا ہے۔ نئی نیشنل ایجوکیشن پالیسی میں اسی بات کا دھیان رکھا گیا ہے۔ نئی راشٹریہ شکشا نیتی غریب پریوار کا بچہ ہو، مدھیم پریوار کی سنتان ہو اب وہ اپنی ماترو بھاشا میں پڑھ کر ڈاکٹر بھی بن سکتا ہے، انجینئر بھی بن سکتا ہے اور بڑی سے بڑی عدالت میں مقدمہ بھی لڑ سکتا ہے۔“*

اس بیچ وزیرِ اعظم کے ہاتھوں آج نئی دلّی میں دیہی بھارت مہوتسو 2025 کا افتتاح ہوگا۔ 2047 تک ترقی یافتہ بھارت یہ اس مہوتسو کا نظریہ ہے۔

وزیرِ اعظم نے خواتین کی تعلیم کی محرک کرانتی جیوتی ساوتری بائی پھلے کی 194 ویں سالگرہ کے موقع پر کل انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ پر اپنے پیغام میں انھوں نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانے، تعلیمی اور سماجی اصلاحات کے شعبے میں ساوتری بائی پھلے کے کارنامے ہمیشہ متحرک کرنے والے رہیں گے۔ ساوتری بائی پھلے کی جینتی کی مناسبت سے کل ہر طرف انھیں خراجِ عقیدت پیش کی گئی۔ تعلیمی اداروں سمیت مختلف سماجی تنظیموں کی جانب سے اس موقع پر مختلف پروگرامس کا انعقاد کیا گیا۔

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ساوتری بائی پھلے کی جائے پیدائش ساتارا ضلع کے نائیگاؤں میں موصوفہ اور ان کے شوہر جیوتی با پھلے کے مجسّموں پر گلہائے عقیدت پیش کیے۔ اس موقع پر سابق وزیر چھگن بھجبل، دیگر پسماندہ طبقات اور بہوجن ترقی کے وزیر اتل ساوے، ماحولیات اور مویشیوں کی افزائش کی وزیر پنکجا منڈے، خواتین و اطفال کی ترقی کی وزیر ادیتی تٹکرے سمیت کئی معزز شخصیات موجود تھیں۔ پھڑنویس نے سابق وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی جانب سے ساوتری بائی پھلے کی دوسری صد سالہ جینتی کے موقع پر اُن کی یادگار کی تعمیر کے وعدے کو تکمیل تک پہنچانے کا تیقن دیا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ نے مذکورہ یادگار کی تعمیر کی خاطر 10 ایکڑ زمین کے حصول کیلئے فوری کارروائی شروع کرنے کی ہدایت ساتارا ضلع کے کلکٹر کو دی۔ وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ یادگار صرف مجسّمے تک محدود نہیں ہے بلکہ ان کے نظریات بھی یادگار رہے۔ انھوں نے کہا کہ ٹھیک پانچ برسوں کے بعد کرانتی جیوتی ساوتری بائی پھلے کی دوسری صدی کی شروعات ہوگی۔ وزیرِ اعلیٰ نے وعدہ کیا کہ اس سے قبل اسی مقام پر وہ یادگار بنا کر دکھائیں گے۔

سماجی انصاف کے ریاستی وزیر سنجئے شرساٹ نے ممبئی کے منترالیہ میں، جبکہ قانون ساز کونسل میں حزبِ اختلاف کے قائد امباداس دانوے نے چھترپتی سمبھاجی نگر میں ساوتری بائی پھلے کے مجسّمے پر پھول نچھاور کر کے خراجِ عقیدت پیش کیا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ، بیڑ، پربھنی، ہنگولی، لاتور، ناندیڑ اور دھاراشیو میں مختلف سرکاری دفاتر، عوامی نمائندوں اور تنظیموں کی جانب سے ساوتری بائی پھلے کو گلہائے عقیدت پیش کیا گیا۔

ہنگولی ڈسٹرکٹ وومن فائنانشیل ڈیولپمنٹ کارپوریشن کی جانب سے ہنگولی ضلع کلکٹر دفتر میں ساوتری بائی پھلے کی سالگرہ کے موقع پر کل خواتین کے اجتماع کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر معززین کے ہاتھوں ضلع میں سب سے زیادہ قرض حاصل کرنے والے گروپوں اور دیہی علاقوں میں بہترین کارکردگی کرنے والے CRP's کا استقبال کیا گیا۔

***** ***** *****

آبی وسائل کے ریاستی وزیر رادھا کرشن وکھے پاٹل نے کہا کہ وہ آئندہ ہفتے ایک میٹنگ کا انعقاد کریں گے جس میں مراٹھواڑہ کے حق کے کرشنا وادی کے پانی سے متعلق ہر چیز کا جائزہ لیں گے۔ وزیرِ موصوف کل تلجاپور میں صحافیوں سے بات کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ''جہاں قحط سالی وہاں پانی'' کے نظریے کے مطابق ملک میں ندیوں کو جوڑنے کا منصوبہ شروع کیا ہے، جس کے بعد کہیں بھی قحط سالی نہیں ہوگی۔ انھوں نے تیقن دیا کہ جلد دھاراشیو ضلع میں پانی دستیاب کیا جائے گا۔

***** ***** *****

اسی بیچ ممبئی ہائیکورٹ نے جائیکواڑی ڈیم میں پانی چھوڑنے سے متعلق مینڈھ گری کمیٹی کی سفارشات کا جائزہ لینے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل کی ہے اور اسے رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ پہلے کی رپورٹ کے مطابق جائیکواڑی آبی منصوبے میں 65 فیصد پانی ہونے پر ناسک اور اہلیا نگر کے اضلاع سے پانی چھوڑنے کی سفارش کی گئی تھی۔ تاہم نئی سفارش کے مطابق جائیکواڑی میں اگر 58 فیصد پانی کا ذخیرہ ہے تو بالائی ڈیموں سے پانی چھوڑنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس نئی رپورٹ پر اعتراضات اور تجاویز طلب کی جائیں گی۔ رکنِ اسمبلی دیویانی فراندے نے کہا ہے کہ اس سلسلے میں ناسک میں ایک آبی کانفرنس منعقد کی جائے گی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ کسانوں کی فصلوں کو پہنچنے والے نقصان کا اب سیٹیلائٹ کے ذریعے سروے کیا جائے گا۔ وزیرِ موصوف کل ناسک میں یشونت راؤ چوہان مہاراشٹر اوپن یونیورسٹی کے زرعی ترقیاتی مرکز میں ''کسان سنواد میلے'' سے خطاب کر رہے تھے۔ چوہان نے اس یقین کا اظہار کیا کہ سیٹیلائٹ سروے کی وجہ سے کاشتکار نقصان کی درست پیمائش کر کے صحیح معاوضہ حاصل کر سکیں گے۔ انھوں نے کہا:

*''فصل خراب ہوئی تو سیٹیلائٹ کے آدھار پر ریموٹ سینسنگ سے اِمیج لیں گے، فصل کے نقصان کا آکلن کریں گے اور وہ آکلن پرفیکٹ ہوگا اور جتنا نقصان ہوگا فصل کا، فصل کا اُتپادن کم ہوگا اُس کا آکڑا ہوگا۔ سیدھا کسان کے اکاؤنٹ میں ڈی بی ٹی کے ماد ھیم سے ڈال دیا جائے گا۔''*

***** ***** *****

خواتین کے قومی کمیشن کی صدر وجیا راہٹکر نے کہا ہے کہ ملازمت کی جگہ پر خواتین کیلئے محفوظ ماحول پیدا کرنا ضروری ہے۔ موصوفہ کل لاتور کے کلکٹر دفتر میں منعقدہ میٹنگ سے خطاب کر رہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ اس سلسلے میں دفتر کے ہر فرد کی ذمہ داری اہم ہے۔ اسی دوران راہٹکر نے کل لاتور میں مہاراشٹر پولس کے یومِ تاسیس کے موقع پر دو روزہ پولس نمائش کا افتتاح کیا۔ اس نمائش میں پولس فورس کے مختلف شعبوں کی معلومات حاصل کی جا سکتی ہے اور ہتھیار دیکھے جا سکتے ہیں۔

***** ***** *****

جالنہ میں کل 30 لاکھ روپئے رشوت طلب کرنے والے ایک اسسٹنٹ رجسٹرار کو مزید ایک فرد کے ساتھ گرفتار کیا گیا ہے۔ ان کے نام سنجئے ارجن راؤ راکھ اور کوآپریٹیو افسر، شیخ رئیس شیخ جعفر ہے۔ دونوں نے مچھلی کے کاروبار سے منسلک امدادِ باہمی ادارے کے خلاف شکایت کو حل کرنے کیلئے رشوت طلب کی تھی۔ دونوں کے خلاف انسدادِ بدعنوانی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

سڈنی میں کھیلے جا رہے بارڈر- گاوسکر ٹیسٹ سیریز کے پانچویں اور آخری میچ میں آسٹریلیاء نے کل ایک وکٹ کے نقصان پر 9 رنوں سے آگے کھیلنا شروع کیا تھا۔ اس سلسلے میں آخری خبر موصول ہونے تک آسٹریلیاء نے چھ وکٹ پر 155 رنز بنائے۔ جو۔۔۔

دریں اثناء اس مقابلے میں کل بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بلّے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھارت نے پہلی اننگز میں صرف 185 رنز بنائے تھے۔

***** ***** *****

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ کے زیرِ اہتمام آج چھترپتی سمبھاجی نگر میں انڈر-19 خواتین کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز ہو رہا ہے۔ یہ میچز گروارے اسپورٹس کامپلیکس میں ہوں گے۔ فیلڈ لائٹس اور پیچ کے کام کی تکمیل کے بعد یہ گراؤنڈ پہلی بار بین الاقوامی سطح کے کھیل کی میزبانی کرے گا۔

***** ***** *****

رکنِ اسمبلی اوم پرکاش عرف بچو کڑو نے معذورین ترقی کی وزارت مہم کے چیئرمین عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ انھوں نے یہ استعفیٰ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کو بھیج دیا ہے اور انھیں فراہم کی گئی سیکوریٹی ختم کرنے کی درخواست کی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مستقبل میں درپیش چیلنجز سے نمٹنے کی خاطر نئی نسل تیار کرنے پر دیا گیا ہے نئی تعلیمی پالیسی میں زور: وزیرِ اعظم کا بیان۔

☆ کرانتی جیوتی ساوتری بائی پھلے کی سالگرہ کی مناسبت سے ہر طرف پیش کی گئی خراجِ عقیدت؛ نائیگاؤں میں تجویز کردہ یادگار آئندہ پانچ برسوں میں مکمل کرنے کا وزیرِ اعلیٰ کا وعدہ۔

☆ کھیتی کے نقصان کا اب سیٹیلائٹ کے ذریعے کیا جائے گا سروے: مرکزی وزیرِ زراعت کی جانب سے دی گئی اطلاع۔

☆ ملازمت کے مقام پر خواتین کیلئے محفوظ ماحول کی ضرورت کا قومی خواتین کمیشن کی چیئر پرسن وجیا راہٹکر کی جانب سے اظہار۔

اور۔۔۔☆ جالنہ میں 30 لاکھ روپئے رشوت طلب کرنے والے رجسٹرار سمیت دو افراد گرفتار۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****